رسول اللہ ﷺ کی احادیث کے بارے میں صحت مند معلومات حاصل کرنے کے لیے ہر تعلیم یافتہ مسلمان کو اِس کتاب کا مطالعہ کرنا چاہیے۔ یہ کتاب ۱۹۹۹ء میں لکھی گئی اور اب تک اس کے چار ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں اور اس پانچویں ایڈیشن میں دو ابواب کا اضافہ کیا گیا ہے جن میں سے ایک کا عنوان ''تاریخِ روایتِ حدیث'' ہے جبکہ دوسرے باب میں منکرین حدیث کے اعتراضات کے مسکت جوابات دیے گئے ہیں۔ اب یہ کتاب اپنے موضوع پر مکمل اور جامع معلومات پر مشتمل ہے۔ کتاب کی کمپوزنگ بھی معیاری ہے۔

(۲)

نام کتاب : جمالِ محمد ﷺ کا دلربا منظر

مصنف : مولانا عبدالقیوم حقانی

ضخامت : 208 صفحات ۔ قیمت:120 روپے

ناشر: القاسم اکیڈمی' جامعہ ابو ہریرہ' خالق آباد' نوشہرہ

ملنے کا پتہ: مولانا سید محمد حقانی' مدرس جامعہ ابو ہریرہ' خالق آباد نوشہرہ

مولانا عبدالقیوم حقانی صاحب طرز ادیب اور معروف عالمِ دین ہیں۔ ان کا اپنا ایک شگفتہ اور ہلکا پھلکا اندازِ تحریر ہے۔ وہ بہت سی کتابوں کے مصنف ہیں۔ ان کے دلنشین اندازِ بیان نے ان کی کتابوں کو قبولِ عام کا درجہ دیا ہے۔ ''جمال محمد ﷺ'' ان کی تازہ تصنیف ہے جو اُن کی کتابوں میں خوبصورت اضافہ ہے۔ جیسا کہ نام سے ظاہر ہے' اس کتاب میں محمد رسول اللہ ﷺ کے حسن و جمال' عظمت و رفعت' فضل و کمال اور شمائل و خصائل کا ذکر ہے۔ اس موضوع پر سینکڑوں کتابیں اور لاکھوں صفحات لکھے جا چکے ہیں' مگر پھر بھی حق ادا نہیں ہوسکتا۔

اس کتاب کا پہلا باب ''فی خلق رسول اللہ ﷺ'' ہے۔ اس باب میں آپؐ کے حسن و جمال کی خوبیوں کا بیان ہے۔ گویا ع ''آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری'' کے مصداق آپؐ کی ہر ادا حسین و جمال تھی۔ آپؐ کا قد موزوں' رفتار عزم و وقار کی مظہر' چہرہ نورانی' آنکھیں روشن اور پیشانی کشادہ تھی۔ دوسرے باب کا عنوان ''ختم نبوت'' ہے جس میں مہر نبوت اور اس کے متعلق تفصیلات کے علاوہ اس سلسلہ میں مختلف روایات کی توضیح و تشریح پیش کی گئی ہے۔

غرض کتاب کا مطالعہ قاری کے حسن عقیدت میں اضافے کا باعث اور حصولِ برکت کا سبب ہوگا۔ کتاب کی جلد مضبوط اور ٹائٹل خوبصورت ہے۔ ○○